**28-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

Music

---

☆ راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث کی گئی۔ دونوں ایوانوں میں NEET کے معاملے پر شور شرابہ ہوا۔

☆ IFS افسر وکرم مسری کو اگلا خارجہ سکریٹری مقرر کیا گیاہے۔

☆ بھارت، امریکہ اور چین کے بعد، اندرونِ ملک شہری ہوابازی میں دنیا کی تیسری سب سے بڑی مارکیٹ بن گیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آئندہ چار دنوں کے دوران شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں شدید سے بہت زیادہ شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ امرناتھ یاترا کا کل سے باقاعدہ آغاز ہو رہا ہے۔ یاتریوں کا پہلا جتھہ بیس کیمپوں میں پہنچ گیا ہے۔

☆ اور خواتین کی ٹیسٹ کرکٹ میں، بھارت نے جنوبی افریقہ کے خلاف پہلے دن چار وکٹ کے نقصان پر 525 رن بنائے ہیں۔ شیفالی ورما نے 205 رن اسکور کئے۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**RS Motion of Thanks**

آج راجیہ سبھا میں پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک کو بحث کیلئے پیش کیا گیا۔ اس کے دوران، حزب اختلاف NEET امتحان کے معاملے اور تین مرتبہ التوا کے معاملے پر شور شرابہ کرتا رہا۔ اِس بحث کیلئے مجموعی طور پر 21 گھنٹے وقف کئے گئے ہیں۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ سدھانشو ترویدی نے گذشتہ 10 سالوں میں حکومت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ حالیہ لوک سبھا انتخابات میں NDA نے جنوبی ریاستوں میں کانگریس پارٹی کے مقابلے میں زیادہ ووٹ فیصد حاصل کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے اور اس نے برطانیہ کو پیچھے چھوڑ دیا

ہے۔ BJP کے راکیش سنہا، کویتا پاٹیدار، کرشنا لال پوار، ڈاکٹر بھیم سنگھ، ڈاکٹر Anil Bonde اور دیگر نے اس بحث میں حصہ لیا۔x

## EVE Par Adjourn

آج لوک سبھا کی کارروائی دن کیلئے ملتوی کردی گئی جبکہ NEET امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں پر اپوزیشن کے احتجاج کے بعد، راجیہ سبھا کی کارروائی کو تین مرتبہ ملتوی کرنا پڑا۔ دوپہر 12 بجے پہلے التوا کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس کے اراکین نے نعرے بازی شروع کردی۔ وہ اِس معاملے پر وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفےٰ کا مطالبہ کر رہے تھے۔ کانگریس، DMK، ٹی ایم سی، ساجوادی پارٹی اور دیگر کے اراکین ایوان کے وسط میں پہنچ گئے۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اِس معاملے کی جانچ کرنے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پہلے سے منصوبہ شدہ طریقے سے ایوان کو کارروائی نہ کرنے دینا، پارلیمانی جمہوریت کیلئے درست نہیں ہے۔انھوں نے کہا کہ اراکین، صدر جمہوریہ کے خطاب سے متعلق شکریے کی تحریک پر بحث کے دوران اِس معاملے کو اٹھا سکتے ہیں۔ NEET معاملے پر بحث کیلئے حزب اختلاف کے مطالبے کو مسترد کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ اُس مدت کے دوران کسی بھی طرح کی بحث کی اجازت دینے کی کوئی روایت نہیں ہے، جب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث ہونی ہو۔

S/B 2100 Kiran Rijiju

اِس سے قبل، جب آج صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے اِس معاملے پر اپوزیشن پارٹیوں کے ذریعے پیش کردہ التوا کے نوٹسوں کو مسترد کردیا۔

کانگریس، DMK، ٹی ایم سی اور ساجوادی پارٹی سمیت حزب اختلاف کی پارٹیوں نے NEET امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے کو اٹھایا اور اِس پر ایوان میں بحث کا مطالبہ کیا۔ ایوان میں خطاب کرتے ہوئے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ وہ طالبعلموں کو ایک پیغام دینا چاہتے ہیں کہ یہ ایک اہم معاملہ ہے اور اِس پر بحث کی جانی چاہیئے۔

S/B 2100 Rahul Gandhi - NEET

## Education Minister

وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے NEET کے طالبعلموں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ پارلیمنٹ کے باہر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت اِس معاملے سے متعلق بہت حساس ہے۔ انھوں نے طالبعلموں اور سرپرستوں کو یقین دلایا کہ ہرممکنہ اقدامات کئے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت، ایوان میں کسی بھی معاملے پر بحث کرنے کیلئے تیار ہے۔

S/B 2100 Dharmenda Pradhan

## NEET Hazaribagh Arrest

جھارکھنڈ میں آج CBI نے، ہزاری باغ کے Oasis اسکول کے پرنسپل احسان الحق سمیت تین افراد کو، NEET پیپر لیک معاملے میں گرفتار کیا ہے۔ اسکول کے وائس پرنسپل امتیاز کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ CBI نے اِن افراد کو ثبوتوں کی بنیاد پر گرفتار کیا ہے۔ سی بی آئی کی ٹیم، 26 جون سے پیپر لیک سے متعلق مختلف پہلوؤں کے بارے میں اُن سے تحقیقات کر رہی ہے۔ مذکورہ پرنسپل NEET امتحان کیلئے ہزاری باغ کے اسکولوں کے شہر کے کوآرڈی نیٹر تھے۔x

## Foreign Secretary

سال 1989 بیچ کے بھارتی بیرونی سروس کے IFS آفیسر وکرم مسری کو اگلا خارجہ سکریٹری مقرر کیا گیا۔ وہ وِنے موہن کواترا کی جگہ لیں گے جن کی مدت اگلے مہینے کی 14 تاریخ کو اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ جناب مسری، اِس وقت، قومی سلامتی کونسل کی سکریٹیریٹ میں نائب قومی سکیورٹی مشیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ چین، میانما اور اسپین میں بھارتی سفارتی نمائندے کے طور پر خدمت انجام دے چکے ہیں۔ جناب مسری کو، تین وزرائے اعظم، 1997 میں اندر کمار گجرال، 2012 میں منموہن سنگھ اور 2014 میں نریندر مودی کے پرائیویٹ سکریٹری کے طور پر خدمات انجام دینے کا خاص اعزاز حاصل ہے۔x

## India Aviation Third

بھارت، امریکہ اور چین کے بعد دنیا کی تیسری سب سے بڑی اندرونِ ملک شہری ہوا بازی کی مارکیٹ بن گیا ہے۔ سرکاری ایئر لائن گائیڈ، OAG کی شہری ہوا بازی کی تجزیہ کرنے کے ادارے کے ذریعے تیار کردہ اعداد وشمار کے مطابق، بھارت اِس وقت، اِنڈیگو اور ایئر انڈیا جیسی ایئرلائنس کے بعد، شہری ہوا بازی کی مارکیٹ میں تیسرے نمبر پر ہے اور اِس نے ہوائی مسافروں کی تعداد میں اضافے کی دیکھ بھال کیلئے اپنے Fleet حجم میں توسیع کی ہے۔ اعداد وشمار ظاہر کرتا ہے کہ بھارت کی اندرونِ ملک ایئرلائن کی صلاحیت گذشتہ 10 سالوں میں دو گنا ہوکر، اپریل 2014 میں سات اعشاریہ نو ملین سیٹوں سے بڑھ کر اپریل 2024 میں 15 اعشاریہ پانچ ملین ہوگئی ہے۔

بھارت نے برازیل کی جگہ لی ہے جو نو اعشاریہ سات ملین ایئر لائن سیٹ کے ساتھ اب چوتھے مقام پر ہے۔ اِس کے بعد انڈونیشیا 9 اعشاریہ دو ملین کے ساتھ پانچویں درجے پر ہے۔ بھارت نے سرفہرست پانچ ملکوں کے مابین گذشتہ دہائی میں چھ اعشاریہ نو فیصد کی شرح نمو کے ساتھ، سب سے زیادہ سالانہ اوسط صلاحیت بھی حاصل کی ہے۔ اِس کے بعد چین نے چھ اعشاریہ تین فیصد اور امریکہ نے دو اعشاریہ چار فیصد کی شرح حاصل کی ہے۔ اپریل 2024 میں LCCs نے بھارتی اندرونِ ملک صلاحیت کا 78 اعشاریہ چار فیصد حاصل کیا، جس کے بعد انڈونیشیا 68 اعشاریہ چار فیصد پر، برازیل 62 اعشاریہ چار فیصد پر، امریکہ 36 اعشاریہ سات فیصد پر اور چین 13 اعشاریہ دو فیصد پر رہے۔x

## MEA SCO Summit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، شنگھائی تعاون کی تنظیم، SCO سربراہ کانفرنس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ یہ سربراہ کانفرنس اگلے ہفتے منعقد ہوگی۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے آج یہ بات میڈیا کو بتائی۔ یہ سربراہ کانفرنس کل قزاخستان کے Astana میں تین سے چار جولائی تک ہوگی۔ لبنان میں صورتحال کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب جیسوال نے کہا کہ تقریباً دو سے تین ہزار بھارتی باشندے وہاں رہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی سفارتخانہ اُن کے ساتھ رابطے میں ہے اور اُنھیں بھی یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ سفارتخانے کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ سری لنکا میں ماہی گیروں کے پکڑے جانے کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ بھارت، بھارتی ماہی گیروں کی بہبود کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔انھوں نے کہا کہ وزارت اِس معاملے سے آگاہ ہے اور اُس نے اِس معاملے کو سری لنکا کے ساتھ اٹھایا ہے۔x

## MEA US Report

بھارت نے بین الاقوامی مذہبی آزادی 2023 سے متعلق امریکہ کے محکمۂ خارجہ کی رپورٹ کو مسترد کردیا ہے اور اِسے سخت تعصّبانہ قرار دیا ہے۔ آج شام نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ بیان، بھارت کے سماجی تانے بانے کی فہم نہیں رکھتا اور یہ ووٹ بینک کے اثرات اور پہلے سے تیار شدہ منظرنامے کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بذاتِ خود بہتان تراشی، غلط نمائندگی، حقائق کے منتخبہ استعمال، تعصبی ذرائع پر اکتفا کرنے اور معاملات کو یکطرفہ طور پر پیش کرنے کی مشق ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ یہ بھارت کی آئینی گنجائشوں اور بھارت کے نافذ قوانین کی خاکہ کشی کا بھی احاطہ کرتا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ اِس میں ایک پہلے سے تیار کردہ بیانیے پر پہنچنے کیلئے، واقعات کو منتخب طور پر پیش کیا گیا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ امریکہ میں بھی سخت قوانین وضوابط موجود ہیں۔ انھوں نے زور دیا کہ انسانی حقوق اور تنوع کیلئے احترام، بھارت اور امریکہ کے درمیان مباحثے کا ایک مجاز موضوع رہا ہے اور ہے۔x

## IMD Monsoon

شمال مغربی بھارت میں اگلے چار سے پانچ دن کے دوران شدید سے شدید ترین بارش کا امکان ہے۔وہیں وسطی اور مشرقی بھارت میں بھی اگلے 2 سے 4 دن اور شمال مشرقی بھارت میں اگلے پانچ دن میں شدید سے شدید ترین بارش ہوسکتی ہے۔بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون، مغربی راجستھان کے کچھ حصوں، مشرقی راجستھان کے باقی حصوں، ہریانہ کے کچھ حصوں، پوری دلی اور مغربی اترپردیش کے کچھ حصوں میں آگے بڑھ گیا ہے۔اس کے علاوہ، مانسون مدھیہ پردیش کے باقی حصوں، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، بہار، مشرقی اترپردیش کے کچھ حصوں اور اتراکھنڈ کے باقی ماندہ حصوں میں پیش قدمی کر گیا ہے۔ اسی طرح مغربی راجستھان کے کچھ حصوں، ہریانہ کے باقی ماندہ حصوں، پورے چنڈی گڑھ اور پنجاب کے باقی حصوں، ہماچل پردیش اور جموں میں اگلے دو سے تین دن میں جنوب مغربی مانسون کی پیش قدمی کے لیے موسمی حالات سازگار ہوسکتے ہیں۔x

## Arunachal Pradesh Rain Red Alert

اروناچل پردیش میں موسلادھار بارش جاری ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے ریاست کے 3 اضلاع میں Red Alert جاری کیا ہے۔یہ اضلاع جن میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مشرقی Siang، Leparada اور Kra Daadi میں دیگر 10 اضلاع میں اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے اور بقیہ Yellow زون میں آتے ہیں۔ IMD نے بتایا کہ ریاست کے الگ الگ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔×

## Rain Fall

قومی رجدھانی میں تیز بارش کی وجہ سے آج معمول کی زندگی متاثر رہی اور شدید آبی جماؤ کی وجہ سے شہر کے بیشتر علاقوں میں ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ اسی دوران دلی ایئرپورٹ کے ٹرمنل ایک کی چھت گرنے کی وجہ سے ایک شخص ہلاک اور چار افراد زخمی ہو گئے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا ہے کہ آج صبح سویرے شدید بارش کی وجہ سے دلی ایئرپورٹ ٹرمنل ایک کا سائبان منہدم ہوگیا۔ وزارت نے بتایا کہ اس حادثے کے پیش نظر اگلے نوٹس تک ٹرمنل ایک سے آنے جانے والی تمام پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ وزارت نے کہا کہ پروازوں کی آمدورفت کو معمول پر لانے کے لیے متبادل انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ شہری ہوا بازی کے وزیر کے۔رام موہن نائیڈو نے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ دلی ایئرپورٹ نے ہلاک ہونے والے شخص کے کنبے کو 20 لاکھ روپے اور زخمیوں میں سے ہر ایک کو 3 لاکھ روپے بطور معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے۔×

## Civil Aviation ICI Airport

شہری ہوا بازی کی وزارت نے سبھی ایئرلائنز کو مشورہ دیا ہے کہ دلی جانے والی اور دلی سے آنے والی پروازوں کے کرائے میں غیرمعمولی اچھال پر نظر رکھیں اور اِس معاملے میں ضروری کارروائی کریں۔

یہ ہدایت دلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈئے کے ٹرمنل TID پر آج پیش آئے حادثے کے تناظر میں دی گئی۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے مزید کہا کہ اس حادثے کی وجہ سے پروازوں کی منسوخی یا پروازوں کے اوقات میں تبدیلی پر کوئی جرمانہ عائد نہ کیا جائے۔×

## J&K Amarnath Ji Yatra

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں، سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 2024، جنوبی کشمیر کے بالائی ہمالیہ میں پورے جوش وخروش اور مذہبی جذبے کے ساتھ کل باقاعدہ طور پر شروع ہوگی۔ ایک طرف یاتریوں کا پہلا جتھا وادی کے بیس کیمپوں میں پہنچ چکا ہے، تو ہزاروں مزید یاتری، جموں کے یاتری نواس میں جمع ہوگئے ہیں اور مقدس گپھا کی جانب اپنے اگلے سفر کا انتظار کر رہے ہیں۔ اِس سے قبل آج صبح لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سخت حفاظتی بندوبست میں، جموں کے بھگوتی نگر کے یاتری نواس بیس کیمپ سے یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جو کہ وادیٔ کشمیر میں شری امرناتھ جی کی اِس سال کی سالانہ یاترا کے آغاز کا علمبردار ہے۔

## NIA Espionage

قومی تفتیشی ایجنسی، NIA نے آج گجرات اور مہاراشٹر کے تین مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ یہ کارروائی پاکستانی خفیہ ایجنسی، ISI کے لیے جاسوسی کرنے اور خفیہ دفاعی معلومات افشاء کرنے کے 2021 وشاکھاپٹنم معاملے کے ملزمین تک پہنچنے کی کوشش کا ایک حصہ ہے۔ NIA نے اُن تینوں مقامات کی مکمل تلاشی لی جہاں پاکستان سے رقم وصول کر کے بھارت کی دفاعی تنصیبات کی جاسوسی کرنے والے ملزمین کی رہائش کا شبہ تھا۔ تلاشی کے دوران NIA نے اشتعال انگیز مواد، موبائل فون اور دیگر دستاویزات ضبط کیے۔ NIA ضبط کیے گئے ساز و سامان کی جانچ کر رہی تا کہ اس کیس کی مزید گہرائی تک پہنچا جا سکے۔NIA نے جون 2023 میں اس کیس کی ذمہ داری سنبھالی تھی اور تین ملزمین کے خلاف مزید دو فرد جرم داخل کیں۔ تین ملزمین میں ایک پاکستانی شہری ہے۔

جانچ میں انکشاف ہوا کہ جاسوسی کے اِس گروہ میں شامل پاکستانی شہری کی گرفتار کیے گئے دو ملزمین کے ساتھ ملی بھگت تھی۔ یہ گروہ بھارتی بحریہ کی حساس اور اہم معلومات افشاء کر رہا تھا۔ یہ بھارت میں دہشت گردانہ تشدد کو پھیلانے کی سازش کا حصہ تھا۔×

## Women's Test Match

خواتین کرکٹ کے پہلے دن، چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیسٹ میچ میں، میزبان بھارت نے دن کا کھیل ختم ہونے تک چار وکٹ کے نقصان پر 525 رن بنالئے تھے۔ بھارتی کپتان ہرمن پریت کور نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دونوں سلامتی بلے باز شیفالی ورما اور اسمرتی مندھانا نے سنچریاں بنائیں۔ شیفالی نے دوھری سنچری اسکور کیں اور وہ 205 رن بنا کر آؤٹ ہوئیں جبکہ اسمرتی نے 149 رن بنائے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆